اس تحریر کو پاور پوائنٹ پریزینٹیشن '*ڈیجیٹل میٹنگ پلیسز کا آغاز کریں*' کے ساتھ استعمال کیا جائے۔ یہاں دیے گئے نقاط پاور پوائنٹ کے نقاط کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ نقطہ 1 کا تعلق پاور پوائنٹ میں سلائیڈ 1 (صفحہ 1) سے ہے اور نقطہ 2 کا تعلق سلائیڈ 2 سے ہے، اور اسی طرح آگے چل رہا ہے۔ آپکو یہی متن ہر سلائیڈ کے نیچے نوٹس میں بھی ملے گا۔

جس تحریر کو **موٹے** فونٹ میں دکھایا گیا ہے، وہ کورس کروانے والے استاد کیلئے تبصرے ہیں۔ *ترچھے* فونٹ میں سرخیاں دی جا رہی ہیں۔ باقی تحریر کو اونچی آواز سے پڑھا جا سکتا ہے یا استاد جو سکھا رہا ہو، اس میں رہنمائی کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

متن

0۔ کورس کے اہداف:

وڈیو کے ساتھ اور وڈیو کے بغیر کال کرنا آ جائے

کالز ریسیو کرنا آ جائے

کالز ریجیکٹ کرنا آ جائے

کال کے دوران آواز اور تصویر کو آف اور آن کرنا آ جائے

بات پوری ہونے کے بعد کال ختم کرنا آ جائے

1. **پڑھانا شروع کرنے سے پہلے کورس کے شرکاء کے ساتھ کورس کے اہداف پر بات کریں۔ اس طرح ان کیلئے سیکھنا اور سیکھے ہوئے کو یاد رکھنا آسان ہو جائے گا۔**

2. *ڈیجیٹل میٹنگ پلیسز سے کیا مراد ہے؟*
3. ڈیجیٹل میٹنگ پلیسز ان مختلف سروسز کو کہتے ہیں جن سے آپ انٹرنیٹ پر کال کر سکتے ہیں، وڈیو کال کر سکتے ہیں اور چیٹ کر سکتے ہیں۔ عام ڈیجیٹل میٹنگ پلیسز کی مثالیں ٹیمز، زوم، فیس ٹائم، میسینجر اور سکائپ ہیں۔ اکثر لوگوں کے ڈیجیٹل میٹنگ پلیسز استعمال کرنے کی وجہ یہی ہے کہ یہ کالز اور وڈیو کالز مفت ہوتی ہیں چاہے کتنی ہی دیر بات کی جائے اور چاہے انسان کسی بھی ملک میں ہو۔ جب تک آپ وائی فائی پر لاگ ان ہوں، کچھ خرچ نہیں ہوتا۔

ڈیجیٹل میٹنگ پلیسز کو ٹیبلٹ، سمارٹ فون یا کمپیوٹر پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ آپ کی مرضی ہے کہ آپ ان میں سے کیا استعمال کرتے ہیں۔

4. *ڈیوائسز*
5. ڈیجیٹل میٹنگ پلیس کے استعمال کا سب سے عام طریقہ وڈیو کال ہے۔ اس قسم کی کال میں بات کرنے والے لوگ ایک دوسرے کو دیکھ بھی سکتے ہیں اور ایک دوسرے کی بات بھی سن سکتے ہیں۔
6. ٹیبلٹ اور سمارٹ فون میں کیمرا، مائیکروفون اور سپیکر ہوتا ہے اور یہ چیزیں وڈیو کال ممکن بناتی ہیں۔ اکثر جدید لیپ ٹاپ کمپیوٹرز میں بھی یہ تینوں چیزیں ہوتی ہیں۔

HK-dir Intern

7. کچھ لوگوں کو مائیکروفون والے ہیڈفونز استعمال کرنا بہتر لگتا ہے لیکن یہ استعمال کرنا یا نہ کرنا انسان کی مرضی پر ہے۔ ہیڈفونز کنیکٹ کرنے کے لیے ٹیبلٹس اور کچھ سمارٹ فونز اور لیپ ٹاپ کمپیوٹرز کے ایک کنارے پر سوراخ ہوتے ہیں۔
8. کال اور چیٹ کرنے کے لیے سب لوگوں کے پاس انٹرنیٹ اور کوئی ڈیجیٹل میٹنگ پلیس ہونا ضروری ہے – یعنی ٹیمز، زوم، فیس ٹائم، میسینجر یا کوئی اور پلیٹ فارم ہو۔

9. ایپ ڈاؤن لوڈ کریں

10. وہ میٹنگ پلیس چنیں جو آپ کے پاس ہے اور سمارٹ فون یا ٹیبلٹ کے لیے ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔ ان میں سے کچھ میٹنگ پلیسز پر آپ اپنا یوزر اکاؤنٹ بھی بنا سکتے ہیں یا لاگ ان کر سکتے ہیں۔

آگے بڑھنے سے پہلے دیکھ لیں کہ سب لوگوں نے ایپ ڈاؤن لوڈ کر لی ہے۔ دیکھیں کہ مختلف لوگوں کے پاس پہلے سے کونسے پلیٹ فارمز موجود ہیں۔ آئی فون یوزرز فیس ٹائم استعمال کر سکتے ہیں اور جن لوگوں کے پاس فیس بک ہو، وہ میسینجر استعمال کر سکتے ہیں۔ ان کی بجائے آپ کوئی ایسی میٹنگ پلیس بھی استعمال کر سکتے ہیں جو کورس کرنے والے سب لوگ استعمال کر سکتے ہوں۔

11. کال شروع کرنا یا کال ریسیو کرنا

12. ٹیمز، فیس ٹائم، میسینجر اور دوسری میٹنگ پلیسز پر آپ کو اپنے وہ کانٹیکٹس بھی مل سکتے ہیں جن سے آپ بات کرنا چاہتے ہوں یا آپ ایپ میں ان لوگوں کو سرچ کر سکتے ہیں۔
13. جب آپ کو وہ کانٹیکٹ مل جائے جس سے آپ بات کرنا چاہتے ہیں تو سکرین پر بنے وڈیو کیمرا یا فون کے نشان کو دبائیں۔
14. اگر آپ نے فون کے نشان کو دبایا ہو تو اس کال میں تصویر نہیں دکھائی دے گی اور آپ عام طریقے سے بات کریں گے جیسے آپ عام فون کال میں کرتے ہیں۔
15. اگر آپ کیمرے کے نشان کو دبائیں تو آپ کال میں ساتھ ساتھ اپنی وڈیو بھی بھیجتے ہیں۔
16. جب کوئی آپ کو کال کرے تو آپ کو فون بجنے جیسی آواز آئے گی اور آپ کی سکرین پر یہ تصویر دکھائی دے گی۔
17. اگر آپ فون ریسیور کی شکل کے سبز بٹن کو دبائیں تو آپ کال ریسیو کر لیں گے لیکن آپ کو فون کرنے والا شخص صرف آپ کی آواز سن سکے گا، وہ بات کرتے ہوئے آپ کی وڈیو نہیں دیکھ سکے گا۔
18. اگر آپ کیمرے کی شکل کے سبز بٹن کو دبائیں تو آپ کی وڈیو کال شروع ہو جائے گی جس میں دونوں طرف کے لوگ ایک دوسرے کو دیکھ سکتے ہیں اور بات کر سکتے ہیں، بشرطیکہ دونوں کے پاس ضروری آلات ہوں۔
19. سرخ بٹن دبانے کا مطلب ہے کہ آپ نے کال ریجیکٹ کر دی ہے۔
20. اس صورت میں آپ کی سکرین پر نظر آنے والی تصویر کچھ ایسی ہو گی۔

آپ جس شخص سے بات کر رہے ہوں، آپ کی سکرین پر اس کی بڑی تصویر نظر آئے گی اور نیچے دائیں کونے میں آپ کی تصویر چھوٹی سی نظر آئے گی۔

21. یہ آپ کی وہی تصویر ہے جو دوسری طرف کا شخص اپنی سکرین پر دیکھ رہا ہے۔

22. آپ جس سے بات کر رہے ہوں، اس کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔ اسے آپ کی تصویر اپنی سکرین پر بڑی سی نظر آتی ہے اور آپ اس کی جو تصویر دیکھ رہے ہیں، وہ اس کی سکرین پر نیچے دائیں کونے میں چھوٹے سائز میں آتی ہے۔

23. کمپیوٹر سکرین پر آپ کو سارا وقت کچھ نشان دکھائی دے رہے ہوتے ہیں۔

24. اگر آپ ٹیبلٹ یا سمارٹ فون کی سکرین کو ایک بار دبائیں تو یہی نشان سامنے آ جاتے ہیں۔

25. اگر آپ کیمرے کے نشان کو ایک بار دبائیں تو آپ سے بات کرنے والا شخص آپ کی تصویر مزید نہیں دیکھ سکے گا۔

26. اگر آپ اسی بٹن کو پھر ایک بار دبائیں تو آپ کی تصویر دوبارہ دوسرے شخص کو نظر آنے لگے گی۔

27. اگر آپ مائیکروفون کے نشان کو ایک بار دبائیں تو دوسرا شخص آپ کی بات مزید نہیں سن سکے گا۔

28. *کال ختم کرنا*

29. اگر آپ اسی بٹن کو ایک بار پھر دبائیں تو آواز دوبارہ آنے لگے گی۔

30. کال ختم کرنے کے لیے سرخ بٹن کو دبائیں۔

31. اختتام

HK-dir Intern